

# 3 آپ کتنا وزن لے جاسکتے ہیں؟

4206CH03

## چالاک گدھا اور اُس کی وزنی بوریاں

سندیش کے پاس ایک  گدھا ہے۔ اُس کی کمر پر نمک کی بوریاں  لدی ہیں۔

بازار جانے کے راستے میں انھیں ایک  ندی پار کرنی پڑتی ہے۔

ایک دن،  ندی پار کرتے وقت  گدھا پھسل کر  ندی میں گر گیا۔

جب وہ کھڑا ہوا، تو اُس کو  بوریاں بہت ہلکی لگیں۔

* اندازہ لگایئے کہ اُس کو  بوریاں کیوں ہلکی لگیں۔

گدھا بہت خوش ہوا۔ اُس کے دماغ میں اس سے ایک ترکیب آئی۔

اگلے دن، جب وہ  ندی پار کر رہا تھا تو چالاک  گدھے نے سوچا کہ پانی میں ایک ڈبکی لگائی جائے۔




اس مرتبہ سندیش  گدھے کی ترکیب سمجھ گیا۔

اگلے دن سندیش نے نمک کی جگہ اُونی کپڑوں سے بھری  بوری اُس پر لاد دی۔


* اب، سوچیے جب  گدھے نے پانی میں ڈبکی لگائی ہوگی تو کیا ہوا ہوگا؟ کیوں؟


کیونکہ چھوٹے بچوں میں ابھی پڑھنے کی صلاحیت کی مکمّل نشو و نما اتنی نہیں ہو پائی ہے اس لیے تصاویر کو بصری اشیائے امدادی کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ بچوں کو اس میں بہت مزا آتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## راجو سی۔سا پر جھولنا چاہتا ہے

راجو کو ایک دوست کی ضرورت ہے جس کے ساتھ وہ سی۔سا پر جھول سکے۔






راجو کی مدد کے لیے رانی آئی۔

مگر راجو تو ابھی بھی نہیں جھول پایا ہے۔

* کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کیوں نہیں؟ صحیح جواب کے گرد دائرہ بنائیے

راجو، رانی سے ہلکا / بھاری ہے۔



ان کی مدد کے لیے اسلم آ گیا۔

تصویر کو دیکھیے۔

* کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سی۔سا اس طرح ایسا کیوں ہو گیا؟

راجو، رانی اور اسلم دونوں سے بھاری / ہلکا ہے۔








© NCERT not to be republished


## بھاری یا ہلکا

ان دونوں چیزوں میں سے کون سی چیز سی-سا کو جھکا دے گی۔ دی گئی مثال کو دیکھیے۔



* بھاری چیز کو ملانے کے لیے ایک لکیر کھینچیے۔


a)



b)



c)



* ہلکی چیز پر رنگ بھریے۔


a)








b)




اس سرگرمی کو کرنے سے پہلے بچوں کو مختلف چیزوں کے وزن کا اندازہ، چیزوں کو ہاتھ میں لے کر کرنے دیجیے۔

© NCERT not to be republished

## چھوٹو بندر اور گاجریں

چکی اور مکی خرگوش نے ایک بیگ دیکھا۔ اُس کے اندر گاجریں تھیں۔






چکی اور مکی دونوں لڑنے لگے۔




اُن کی مدد کے لیے چھوٹو بندر آگے آیا۔






اُن کی مدد کے لیے چھوٹو بندر کچھ لے کر آیا۔

* ذرا اندازہ لگائیے اور بتائیے کہ چھوٹو بندر نے اُن کی مدد کے لیے کس چیز کا استعمال کیا۔ بندر کے ہاتھ میں اُس کی تصویر بنائیے۔

## معلوم کیجیے

* آپ کے والدین اپنے گھر کے لیے جب گاجریں خریدتے ہیں تو وہ ایک وقت میں کتنی گاجریں خریدتے ہیں؟
* سبزی فروش گاجروں کو کس طرح تولتا ہے؟

## سِمرن کتنا وزن اُٹھا سکتی ہے؟

سمرن کے والد اپنے گھر کے اسٹور میں سے کچھ چیزیں اُٹھا کر باورچی خانے میں لے جانا چاہتے ہیں۔

سمرن اپنے والد کی مدد کرنا چاہتی ہے۔




© NCERT not to be republished



* اندازہ لگائیے کہ سمرن کون سا بیگ اُٹھا سکتی ہے۔

* اندازہ لگائیے، کون کیا اُٹھا سکتا ہے۔

(a) اُس کے والد؟ ________________


(b) اُس کی والدہ؟ ________________

(c) اُس کی چھوٹی بہن؟ ________________

* کیا سمرن اِن میں سے کوئی بھی دو بیگ ایک ساتھ اٹھا سکتی ہے؟


اگر ہاں، تو کون سے؟ ________________

* آپ کون سا بیگ اُٹھا سکتے ہیں؟ اندازہ لگائیے۔ ________________






* جانوروں کی تصویروں کو اُن چیزوں کی تصویروں سے ملائیے جن کو وہ اٹھا سکتے ہیں









© NCERT
not to be republished